باب پنجم (حسن معاملات و معاشرت)

حقوق العباد

ا. حقوق العباد سے کیا مراد ہے؟

حقوق العباد کا معنی ہے بندوں کے حقوق اسلام میں معاشرتی نظام کو بہت اہمیت دی گئی ہے اس لیے اسلامی تعلیمات میں حقوق العباد پر بہت زور دیا گیا ہے حقوق العباد میں اپنے بیگانے ماں باپ اور دیگر رشتہ داروں سے اچھے سلوک اور ہمدردی کا تصور شامل ہے۔

.2 اساتذہ کے چند حقوق لکھیں؟

- استاد کا احترام کریں اور بے ادبی سے اپنے اپ کو بچائیں
- استاد کی اطاعت کریں اس کے ساتھ ادب و احترام سے گفتگو کریں
- استاد کے سامنے ادب سے بیٹھے اس کے سامنے اپنی اواز بلند نہ کرے
- طالب علم کو چاہیے کہ وہ فضول وقت ضائع کرنے سے سوالات کرنے سے پرہیز کریں

.3 حدیث کے مطابق وہ تین کون سی صفات ہیں جن سے موت اسان ہو جائے گی؟

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا تین صفات ایسی ہیں کہ جس میں ہوں گی اللہ تعالی اس کی موت اسان کر دے گا اور اسے جنت میں داخل کرے گا

- کمزور کے ساتھ نرمی کرنا
- والدین کے ساتھ شفقت کا سلوک
- ماتحتوں سے حسن سے لوگ

.4 رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے جلدی اجرت ادا کرنے کے بارے میں کیا فرمایا؟

SOCHBADLOBYMAK

نبی اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اجرت کے جلدی ادا کرنے کے بارے میں نصیحت کرتے ہوئے فرمایا

"مزدور کی اجرت اس کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے دے دو"

5. بیویوں کے حقوق سے متعلق حدیث لکھیں؟

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

"جو خود کھاؤ انہیں بھی کھلاؤ جیسے اچھے کپڑے اور بہترین لباس خود پہنو انہیں بھی پہناؤ انہیں مارو نہیں نہ ہی برے الفاظ کہو.

6. اولاد کے حقوق سے متعلق قران ایت کا ترجمہ لکھیں؟

ارشاد ربانی ہے

اور اپنی اولاد کو تنگدستی کے خوف سے قتل نہ کرو۔

7. حدیث مبارکہ میں مرد کا بہترین خزانہ کس کو کہا گیا ہے؟

مرد کا بہترین خزانہ حدیث کے مطابق نیک عورت ہے۔

8. اسلام نے بیوہ کی کتنی عدت مقرر فرمائی ہے؟

چار مہینے دس دن۔

---------------------------------

SOCHBADLOBYMAK

## وراثت کی اسلامی تعلیمات

۱. وراثت کے لغوی اور اصطلاحی معنی لکھیں؟

وراثت یا میراث کا معنی ہے کسی چیز کا ایک سے دوسرے کے پاس منتقل ہونا اصطلاح میں وراثت اس مال کو کہتے ہیں جو میت کی ملکیت اس کے زندہ بر سا کی طرف منتقل کی جاتی ہے۔

.2 وراثت کے علم کو کیا کہتے ہیں؟

وراثت کے علم کو علم المیراث اور علم الفرائض بھی کہا جاتا ہے۔

.3 میت جو مال چھوڑ کر جاتی ہے اس پر کتنے حقوق ادا کی ہوتے ہیں؟

میت جو مال چھوڑ کر جاتی ہے اس پر چار حقوق مرتب ہوتے ہیں

- میت کے مال سے میں اناروی سے اس کے کفن دفن کے اخراجات پورے کیے جائیں
- اس کے بعد قرضے ادا کیے جائیں
- قرضوں کے بعد اگر مال بچ جائے تو اس نے کوئی وصیت کی ہو تو اس کی وصیت پوری کی جائے
- بقیہ مال شریعت کے مطابق وارثوں میں تقسیم کیا جائے

.۴ وصیت کے احکام لکھیں؟

SOCHBADLOBYMAK

وصیت کے احکام درج ذیل ہیں

- وصیت تحریری شکل میں ہونی چاہیے یا اس پر گواہ مقرر کیے جائیں
- وصیت ترکہ کے ایک تہائی سے زیادہ مال میں جائز نہیں
- اگر کسی کے ذمے اللہ کا حق باقی ہو جیسے زکوۃ کفارہ وغیرہ یعقوب العباد میں سے کسی کا حق ہو تو اس کے بارے میں وصیت کرنا اس کا پورا کرنا ضروری ہے
- وصیت کسی بھی دینی یا رفاعی کام کے لیے کیے جاسکتی ہے لیکن حرام کام کے لیے وصیت کرنا جائز نہیں۔

.............................

## نکاح طلاق کی اسلامی تعلیمات

1. نکاح سے کیا مراد ہے؟

ہم نے کہا مرد اور عورت کے درمیان شرعی اصولوں پر کیا گیا معاہدہ ہے جس کے نتیجے میں ان دونوں کو میاں بیوی کی حیثیت حاصل ہوتی ہے اور اس سے پیدا ہونے والی اولاد کا شرعا نسب ثابت ہو جاتا ہے۔

2. نکاح کے کوئی سے دو احکام لکھیں؟

نکاح کے لیے لڑکے لڑکی میں کف یعنی ہر ممکن حد تک مناسبت کا خیال رکھا جائے

نکاح کے معاملے میں فریقین کے رضامندی ضروری ہے کسی مرد کی عورت کے رضامندی کے بغیر اس کا نکاح کرنا جائز نہیں

3. نکاح میں مہر کی حیثیت کیا ہے؟

SOCHBADLOBYMAK

نکاح میں مہر کی حیثیت فرض کی ہے شریعت نے مہر کو عورت کا لازمی قرار دے کر ازدواجی زندگی کو اہمیت اور قدر و قیمت کا احساس دیا ہے کہ نکاح ایک سنجیدہ عمل ہے

4. طلاق رجعی سے کیا مراد ہے؟

ایک یا دو مرتبہ طلاق دی ہو اور عدت کے دوران رجوع کیے جا سکتا ہے عدت کے بعد دوبارہ نکاح بھی کیا جا سکتا ہے اسے طلاق رجعی کہتے ہیں۔

5. طلاق مغلظہ سے کیا مراد ہے؟

اگر تین طلاق یعنی طلاق مغلظت دی ہو تو فریقین میں تب تک دوبارہ نکاح نہیں ہو سکتا جب تک عورت کا کسی دوسری جگہ نکاح نہ ہو اور وہاں سے بھی طلاق ہو جائے۔

6. خلع سے کیا مراد ہے؟

خلع سے مراد یہ ہے کہ اگر عورت ازدواجی زندگی سے مطمئن نہ ہو اور شوہر بلا عوض طلاق دینے پر امادہ نہ ہو تو شرن عورت کے لیے یہ طریقہ تجویز کیا گیا ہے کہ وہ خلا کی پیشکش کریں اور مرد عورت سے معاوضہ لے کر اسے چھوڑ دے۔

....................................

SOCHBADLOBYMAK